رہنمائے دکن 15 DEC 2020

# اردو یونیورسٹی کے فاصلاتی کورسس میں داخلے جاری

حیدرآباد۔ 14/دسمبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ، نظامت فاصلاتی تعلیم میں سوائے بی ایڈ کے مختلف انڈر گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ، ڈپلوما اور سرٹیفکیٹ فاصلاتی پروگراموں میں اکیڈیمک سیشن 2020-2021 کیلئے آن لائن داخلے 22/دسمبر تک جاری رہیں گے۔ یونیورسٹی میں ایم اے (اردو ، انگریزی ، تاریخ ، ہندی ، اسلامک اسٹڈیز اور عربی) میں داخلے دیئے جارہے ہیں۔

15 DEC 2020

رہنمائے دکن

# حصول تعلیم کیلئے ڈسپلن، پرامن فضا اور دوستانہ ماحول کی اہمیت

## اردو یونیورسٹی میں نئے طلبہ کے تعارفی پروگرام کا دوسرا مرحلہ

### پروفیسر رحمت اللہ اور پروفیسر محمود صدیقی کا خطاب

حیدرآباد۔14 دسمبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں داخلہ حاصل کرنے والے نئے طلبہ اس بات کو ذہن نشین کرلیں کہ کسی بھی ادارے اور اس سے وابستہ افراد کی کامیابی ادارے کے ڈسپلن، پُرامن فضا اور دوستانہ ماحول میں مضمر ہے۔ ان خیالات کا اظہار پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، وائس چانسلر انچارج نے آج نئے طلبہ، جن کا داخلہ 17 نومبر کے بعد ہوا ہے کے لیے منعقدہ دوسرے مرحلے کے شمولیتی پروگرام "دیکشارمبھ" کے افتتاحی اجلاس میں صدارتی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ آن لائن منعقدہ اس پروگرام سے پروفیسر صدیقی محمد محمود، رجسٹرار انچارج، پروفیسر علیم اشرف جائسی، ڈین بہبودی طلبہ، پروفیسر وناجا، ڈائرکٹر نظامت نے بھی خطاب کیا۔ پروگرام کے آن لائن سیشن 19 دسمبر تک دوپہر 3 بجے تا 5 بجے دن آئی ایم سی مانو یوٹیوٹ چینل پر دکھائے جائیں گے۔ پروفیسر رحمت اللہ نے کہا کہ ناکامیوں پر مایوس نہ ہوں بلکہ اس سے تحریک حاصل کریں۔ ہر انسان کو اصلاح معاشرہ اور کار خیر کی فکر کرنی چاہیے۔ انہوں نے تعارفی پروگرام کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالی اور مولانا آزاد کے اقدار پر چلنے کی طلبہ کو ترغیب دی۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود نے یونیورسٹی کی سہولتوں کے متعلق معلومات فراہم کرتے ہوئے ڈین آفس، پراکٹر آفس، لائبریری وغیرہ کا سرسری تعارف پیش کیا۔ انہوں نے ایک نصیحت آمیز کہانی سنا کر کہا کہ زندگی میں تعریف اور تنقید کرنے والے بہت مل جائیں گے لیکن آپ کی اصلاح کرنے والے لوگ کم ملیں گے۔ انہوں نے طلبہ کو مشورہ دیا کہ اردو کے ساتھ ساتھ وہ انگریزی اور ملک کی سرکاری زبان ہندی پر بھی عبور حاصل کریں۔ پروفیسر وناجا، ڈائرکٹر نظامت داخلہ نے پاور پوائنٹ پریزنٹیشن کے ذریعہ طلبہ کو سمجھایا کہ تعلیمی سفر ایک سیڑھی کی مانند ہے، ترقی کے لیے "نہیں ہوگا" "شاید" جیسے الفاظ کو ترک کرنا ہوگا اور ہر چیز کو مثبت طریقے سے کریں اور آسمان کو اپنی منزل بنالیں۔ داخلوں کے مراحل کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے وبائی صورتحال میں بھی عمدہ کارکردگی پر نظامت داخلہ کی ستائش کی۔ پروفیسر عبدالسمیع صدیقی، صدر نشین، دیکشارمبھ ٹاسک ٹیم نے نظامت کی اور افتتاحی کلمات پیش کیے۔ ڈاکٹر کہکشاں، لطیف، شعبۂ ترجمہ و کوآرڈینیٹر دیکشارمبھ نے کلمات تشکر پیش کیے۔ جناب رضوان احمد، ڈائرکٹر انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کی نگرانی میں ان کی ٹیم نے اس پروگرام کو یوٹیوب پر لائیو ویب کاسٹ کیا۔ ڈاکٹر عبدالعلیم، اسسٹنٹ پروفیسر نظامت فاصلاتی تعلیم کی قرأت سے پروگرام کا آغاز ہوا۔

راشٹریہ سہارا

# حصول تعلیم کیلئے ڈسپلن، پُرامن فضا اور دوستانہ ماحول کی اہمیت

## اردو یونیورسٹی میں نئے طلبہ کا تعارفی پروگرام۔ پروفیسر رحمت اللہ اور پروفیسر محمود صدیقی کی مخاطبت



حیدرآباد۔(پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں داخلہ حاصل کرنے والے نئے طلبہ اس بات کو ذہن نشین کرلیں کہ کسی بھی ادارے اور اس سے وابستہ افراد کی کامیابی ادارے کے ڈسپلن، پُرامن فضا اور دوستانہ ماحول میں مضمر ہے۔ ان خیالات کا اظہار پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، وائس چانسلر انچارج نے آج نئے طلبہ، جن کا داخلہ 17 رنومبر کے بعد ہوا ہے کیلئے منعقدہ دوسرے مرحلہ کے شمولیتی پرگرام "دیکشارمبھ" کے افتتاحی اجلاس میں صدارتی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ آن لائن منعقدہ اس پروگرام سے پروفیسر صدیقی محمد محمود، رجسٹرار انچارج، پروفیسر علیم اشرف جائسی، ڈین بہبودیٔ طلبہ، پروفیسر وناجا، ڈائرکٹر نظامت نے بھی خطاب کیا۔ پروگرام کے آن لائن سیشن 19 ردسمبر تک دوپہر 3 بجے تا 5 بجے دن آئی ایم سی مانو یوٹیوٹ چینل پر دکھائے جائیں گے۔ پروفیسر رحمت اللہ نے کہا کہ ناکامیوں پر مایوس نہ ہوں بلکہ اس سے تحریک حاصل کریں۔ ہر انسان کو اصلاح معاشرہ اور کار خیر کی فکر کرنی چاہیے۔ انہوں نے تعارفی پروگرام کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالی اور مولانا آزاد کے اقدار پر چلنے کی طلبہ کو ترغیب دی۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود نے یونیورسٹی کی سہولتوں کے متعلق معلومات فراہم کرتے ہوئے ڈین آفس، پراکٹر آفس، لائبریری وغیرہ کا سرسری تعارف پیش کیا۔ انہوں نے ایک نصیحت آمیز کہانی سنا کر کہا کہ زندگی میں تعریف اور تنقید کرنے والے بہت مل جائیں گے لیکن آپ کی اصلاح کرنے والے لوگ کم ملیں گے۔ انہوں نے طلبہ سے سوال کیا کہ کیا انہوں نے زندگی میں کوئی خواب دیکھا ہے؟ اگر آپ نے غریبوں، بیواؤں اور یتیموں کی مدد کرنے جیسے اچھے خواب دیکھیں ہیں تو تعلیم اس خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کا ایک ذریعہ ہے۔ اپنی تعلیم کیلئے آپ نے مانو کا انتخاب کیا اس کیلئے آپ کا استقبال ہے۔ پروفیسر وناجا، ڈائرکٹر نظامت داخلہ نے پاور پوائنٹ پریزنٹیشن کے ذریعہ طلبہ کو سمجھایا کہ تعلیمی سفر ایک سیڑھی کی مانند ہے، ترقی کیلئے "نہیں ہوگا" "شاید" جیسے الفاظ کو ترک کرنا ہوگا اور ہر چیز کو مثبت طریقے سے کریں اور آسمان کو اپنی منزل بنالیں۔ اچھی تعلیم کیلئے بنیاد اور رہنمائی بہت مضبوط ہونی چاہیے۔ پروفیسر وناجا نے ڈاکٹر اے پی جے ابوالکلام، البرٹ آئنسٹائن اور امیتابھ بچن کی مثال دے کر سمجھایا کہ کامیاب انسان کبھی کسی کام کو ادھورا نہیں چھوڑتے۔ پروفیسر علیم اشرف جائسی، ڈین، بہبودیٔ طلبہ نے خیر مقدم کیا۔ انہوں نے طلبہ کو مشورہ دیا کہ وہ تعارفی پروگرام کے تمام سیشنس میں پابندی سے شرکت کریں تا کہ انہیں یونیورسٹی کے تمام دفاتر، شعبوں، سہولتوں کے بارے میں معلومات فراہم ہوسکیں۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ یونیورسٹی میں مرکزی مقام رکھتے ہیں جن کے چاروں طرف تعلیمی نظام گھومتا ہے۔ پروفیسر عبدالسمیع صدیقی، صدر نشین، دیکشارمبھ ٹاسک ٹیم نے نظامت کی اور افتتاحی کلمات پیش کیے۔ انہوں نے 19 دسمبر تک جاری رہنے والے پروگرام کی تفصیلات سے بھی آگاہ کیا۔ ڈاکٹر کہکشاں، لطیف، شعبۂ ترجمہ و کوآرڈینیٹر دیکشارمبھ نے کلمات تشکر پیش کیے۔ جناب رضوان احمد، ڈائرکٹر انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کی نگرانی میں ان کی ٹیم نے اس پروگرام کو یوٹیوب پر لائیو ویب کاسٹ کیا۔ ڈاکٹر عبدالعلیم، اسسٹنٹ پروفیسر نظامت فاصلاتی تعلیم کی قرأت سے پروگرام کا آغاز ہوا۔

رہنمائے دکن

15 DEC 2020

# شعبہ اسلامک اسٹڈیز مانو میں آن لائن اورینٹیشن پروگرام

حیدرآباد۔14؍دسمبر (پریس نوٹ) ''شعبہ اسلامک اسٹڈیز، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا مقصد اسلامیات میں علم وتحقیق کے ایسے ماہرین تیار کرنا ہے جو نہ صرف ہندوستان بلکہ عالمی معاشرہ میں اپنا متوقع مثبت کردار ادا کرسکیں اور عصر حاضر میں اسلام اور مسلمانوں کے تعلق سے جو سوالات ابھر رہے ہیں ان کا علمی انداز میں مدلل جواب دے سکیں''۔ان خیالات کا اظہار پروفیسر محمد فہیم اختر، صدر شعبہ اسلامک اسٹڈیز نے 'اسلامک اسٹڈیز کا تصور اور موجودہ دور میں اس کی معنویت' کے موضوع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔یہ پروگرام بزم طلبہ، شعبہ اسلامک اسٹڈیز کی جانب سے ایم اے اور پی ایچ ڈی میں داخلہ لینے والے نئے طلبہ کے آن لائن اورینٹیشن کے لئے منعقد کیا گیا تھا۔ڈاکٹر محمد عرفان احمد اسسٹنٹ پروفیسر نے 'سی بی سی ایس اور داخلی امتحانات کے نظام' سے پوری طرح واقف کرایا، تاکہ تعلیم کے دوران طلبہ کو کوئی دشواری پیش نہ آئے اور یونیورسٹی کے قوانین وضوابط کے ساتھ بحسن وخوبی ان کا یہ تعلیمی سلسلہ اختتام پذیر ہو۔

KD

15-12-2020

Citizen Evening

IN SHORT

## MANUU ITI admissions

**Hyderabad:** MANUU to organize second phase of online Students Induction Programme Deekhsharambh from Monday...4th phase of counseling for admissions into ITI Trades @ Maukana Azad National Urdu University ( a central university) on 23rd December. Contact . 040-23008413

# Second phase of online SIP inaugurated at MANUU



**(By SP Bureau)**

Hyderabad, Dec 14 : Newly enrolled students of Maulana Azad National Urdu University should keep in mind that the success of institution lies in the discipline, peaceful and friendly atmosphere. Prof. S M Rahmatullah, Vice-Chancellor I/c, Maulana Azad National Urdu University (MANUU) today expressed these views in the inaugural of Second Phase of Deekhsharambh-Students Induction Programme (SIP) 2020 organized online for recently admitted students.

The 6 day long programme is being organized by the office of Dean, Student's Welfare till December 19. The online sessions will be held every day from 3.00 pm to 5.00 pm on Instructional Media Centre, MANUU Youtube Channel.

Prof. Rahmatullah advised students not to be discouraged by failures but get motivated by them.

Every human being should think of reforming the society and welfare. He highlighted the aims and objectives of the program and asked students to follow the values of humanity, brotherhood and unity espoused by Maulana Abul Kalam Azad. Summarizing the speeches of all the speakers, he told students to put their problems and worries behind and focus on their goal and achieve success.

Prof. Siddiqui Mohd Mahmood, Registrar I/c while narrating an interesting story, said that in life you will find many admirers and critics, but very few people will correct you. He advised students to see dreams and work hard to fulfill them. Students should try to learn English and Hindi in addition to their subjects, he added. Urdu is medium of instruction in MANUU. He also provided information about various facilities of the university.

Prof. M Vanaja, Director, Directorate of Admissions, Prof. Abdul Sami Siddiqui, Director, CPDUMT and President, Deekhsharambh Task Team also spoke. Prof. Syed Alim Ashraf, Dean, Student's Welfare delivered the welcome address. Dr. Kahkashan Latif, Assistant Professor, Translation and Coordinator, programme proposed vote of thanks.

IMC Team under the supervision of the Director, Mr. Rizwan Ahamd webcast the program live on the YouTube channel.